صاحبزادہ طارق محمود کی رحلت

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما صاحبزادہ طارق محمود ۱۲؍ستمبر کو فیصل آباد میں رحلت فرما گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بہت ہی خوبیوں والے انسان تھے۔ وہ مولانا تاج محمود رحمۃ اللہ علیہ کے لائق فرزند اور حقیقی جانشین تھے۔ اُن کے والد مرحوم طویل عرصہ مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے۔ صاحبزادہ طارق محمود کو جرأت و شجاعت، خطابت اور صحافت ورثہ میں ملی تھیں۔ وہ مجلس احرار اسلام اور خانوادۂ امیر شریعت سے بے پناہ محبت کرتے تھے۔ انہوں نے آخری تقریر ۷؍ستمبر کو دفتر احرار لاہور میں منعقدہ ''تحفظ ختم نبوت کانفرنس'' میں کی۔ مولانا اورنگ زیب اعوان بھی اُن کے ہمراہ تھے۔ گزشتہ سال مسجد احرار چناب نگر اور جامع مسجد چیچہ وطنی میں مجلس احرار اسلام کی ختم نبوت کانفرنسوں میں بعض مہربانوں کے روکنے کے باوجود شریک ہوئے۔ اور فرمایا کہ خانوادۂ امیر شریعت میرا پیرخانہ ہے۔ میں اُن کے حکم کی تعمیل کروں گا۔ صاحبزادہ طارق محمود رحمہ اللہ اپنے والد مرحوم کے جاری کردہ ماہنامہ ''لولاک'' کے مدیر تھے۔ شورش کاشمیری مرحوم سے بہت متاثر تھے۔ انہی کے انداز میں بولنے اور لکھنے کی کوشش کرتے۔ مجلس احرار اسلام کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، مرکزی سیکرٹری اطلاعات جناب عبداللطیف خالد چیمہ، مرکزی نائب ناظم میاں محمد اویس، صوفی غلام رسول نیازی اور فیصل آباد کے تمام احرار کارکن اُن کی نماز جنازہ میں شریک ہوئے۔ مجلس احرار اسلام کی تمام قیادت اور کارکنان، صاحبزادہ صاحب مرحوم کے انتقال پر مغموم ہیں اور اُن کی مغفرت کی دعاء کرتے ہیں۔ تمام پسماندگان اور مجلس تحفظِ ختم نبوت کے اکابر و کارکنان سے اظہارِ ہمدردی کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے اور حسنات قبول فرمائے۔ (آمین)

مولانا محمد عارف سنبھلی رحمہ اللہ ممتاز عالم دین اور مولانا عتیق الرحمٰن سنبھلی (لندن) کے چچا زاد اور حضرت مولانا محمد منظور نعمانی رحمۃ اللہ علیہ کے بھتیجے۔ گزشتہ ماہ بھارت میں انتقال کر گئے۔

★ والدہ مرحومہ، حافظ محمد عاصم سیال و حافظ محمد یوسف سیال (مرحوم) احمد پور شرقیہ (یکم ستمبر ۲۰۰۶ء)

★ خالد عزیز مرحوم۔ مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے مخلص کارکن اور سالار عبدالعزیز مرحوم کے اکلوتے فرزند

★ صوفی غلام محمد (تیل والے) کے جواں سال فرزند، محمد ابوبکر مرحوم۔ (یکم ستمبر ۲۰۰۶ء) رحیم یار خان

★ شیخ محمد حسن لدھیانوی مرحوم، انتقال: یکم رمضان ۱۴۲۷ھ، ۲۵؍ستمبر ۲۰۰۶ء۔ شیخ قمر الدین لدھیانوی مرحوم کے فرزند اور شیخ حسین اختر لدھیانوی کے چچازاد ★ اہلیہ مرحومہ، استاد محمد یٰسین (ٹمبر مارکیٹ ملتان) ★ فخر الدین مرحوم کی اہلیہ مرحومہ (ٹمبر مارکیٹ ملتان)

قارئین سے درخواست ہے کہ رمضان المبارک کی مقبول ساعتوں میں دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب کا خاص اہتمام فرمائیں۔

دعائے صحت

★ حافظ محمد فاروق (مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر) فالج کے عارضہ میں مبتلا ہیں۔

★ ہمارے کرم فرما شیخ جاوید (ملتان) کا کم سن بھتیجا اور محمد عمران کا بیٹا شدید علیل ہے۔

★ حسین احمد بن قاری اللہ دتہ (ملتان) ★ جام احمد بخش منڈھیرا (ماہڑہ، مظفر گڑھ) ★ محمد بشیر (برادر جیولرز دہلی گیٹ ملتان)